Sl. No. 3127

Roll No............................................

Unique Paper code-2145001003

Name of the Paper: Study of Urdu Poetry-I

Name of Course: B.A. GENERIC

Semester : III

Duration: 3 Hrs

MM:90

*(Write your roll no. on the top immediately on receipt of this question paper)*

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

(1) درجِ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی بتایئے:

(الف)

سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام
دنیا ہے عجب چیز کبھی صبح کبھی شام
مدت سے تم آوارہ ہو پہنائے فضا میں
بڑھتی ہی چلی جاتی ہے بے مہری ایام
نے ریت کے ذروں پہ چمکنے میں ہے راحت
نے مثل صبا طوف گل و لالہ میں ہے آرام
پھر میرے تجلی کدہ دل میں سما جاؤ!
چھوڑو چمنستان و بیابان و در و بام

(ب)

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے
آبادی بھی دیکھی ہے، ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے
جان سی شے بک جاتی ہے ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی، ان داموں تو سستی ہے

جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

آنسو تھے سو خشک ہوئے، جی ہے کہ اُمڈ آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

(2) اردو نظم نگاری کے فن اور اسلوب پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

(3) اردو غزل کی تاریخ پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(4) اکبرؔ الہ آبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

(5) جوشؔ ملیح آبادی کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(6) فانیؔ بدایونی کی غزل گوئی کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

(7) حسرتؔ کی غزل گوئی کے امتیازات پر ایک نوٹ لکھئے۔

(8) جگرؔ مرادآبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔